0	0.4	-	بیرونی قرضوں پر ایکسچینج رسک کیلئے ریزرو فنڈ	G12308
80	76	-	پاکستان آئل سیڈ ڈویلپمنٹ فنڈ	G12412
3,530	1,795	2,000	تحقیق و ترقیات فنڈ	G12419
-	-	-	ایس سی پی دیامیر بھاشا اینڈ مہمند ڈیم فنڈ	G12421
1	0.6	1	فنڈ برائے اردو سائنس بورڈ	G12612
-	-	3	ٹرسٹ انٹرسٹ فنڈ (خیراتی وقف)	G12712
-	-	-	منشیات کے استعمال پر قابو پانے کیلئے قومی فنڈ	G12738
24,775	22,875	20,000	یونیورسل سروس فنڈ	G12783
			ڈپازٹس و ریزرو	**G**
			متفرق ڈپازٹس و ریزرو اکاؤنٹس	
-	-	-	منٹ وصولیاں و کلیکشن اکاؤنٹ	G10104
1,570	-	1,570	پاکستان منٹ	G10100
-	-	155	دیگر	
141,462	**126,960**	**106,898**	**کل ڈپازٹس اور ریزورز**	
1,925,881	**2,112,692**	**1,376,734**	**کل پبلک اکاؤنٹ اخراجات**	

وفاقی مجموعی فنڈ سے تصویبی اور غیر تصویبی اخراجات کا تخمینی گوشوارہ

آئین پاکستان کے آرٹیکل (2)80 کی رو سے یہ گوشوارہ تصویبی اور غیر تصویبی اخراجات میں امتیاز کرتا ہے۔

(روپے ملین میں)

موضوعی رمز بندی	تفصیل	میزانیہ تخمینہ جات 2022-23	نظر ثانی شدہ تخمینہ جات 2022-23	میزانیہ تخمینہ جات 2023-24
I.	**ریونیو اکاؤنٹس سے اخراجات**	**9,199,163**	**10,976,823**	**13,976,745**
	جاریہ	8,707,973	10,527,616	13,344,395
	ترقیاتی	491,190	449,206	632,350
	کل منظور شدہ اخراجات	**9,199,163**	**10,976,823**	**13,976,745**
	غیر تصویبی	*7,792,352*	*5,294,098*	*7,365,262*
	تصویبی	1,406,811	5,682,725	6,611,483
II.	**سرمایہ جاتی اکاؤنٹس سے اخراجات**	**24,223,328**	**29,116,798**	**34,482,692**
	جاریہ	23,690,641	28,519,446	33,506,398
	ترقیاتی	532,686	597,351	976,294
	کل منظور شدہ اخراجات	**24,223,328**	**29,116,798**	**34,482,692**
	غیر تصویبی	*20,094,016*	*28,715,405*	*34,001,431*
	تصویبی	4,129,312	401,392	481,261
III.	**وفاقی مجموعی فنڈ سے پورے کیے جانے والے کل اخراجات**	**33,422,491**	**40,093,620**	**48,459,437**
	اخراجات جاریہ	32,398,614	39,047,063	46,850,793
	ترقیاتی اخراجات	1,023,877	1,046,558	1,608,644
IV.	**کل منظور شدہ اخراجات**	**33,422,491**	**40,093,620**	**48,459,437**
	کل۔ غیر تصویبی	*27,886,368*	*34,009,503*	*41,366,693*
	کل۔ تصویبی	5,536,123	6,084,117	7,092,744

مقصد کا بیان

یہ بیان پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019 کی دفعہ 4 کی تعمیل میں جاری کیا جارہا ہے۔ وفاقی حکومت کی پالیسی ترجیحات کی بنیاد پر، "مطالبات زر" ملکی اور غیر ملکی قرضوں اور ایڈوانسز سے قرضوں کی ادائیگی کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں، تاکہ مسلسل جاری اور ترقیاتی سرگرمیوں پر خرچ کیے جاسکیں، پائیدار اقتصادی ترقی کا از سر نو مستحکم، صحت، تعلیم پر توجہ دی جاسکے اور مختلف پروگراموں کے ذریعے ملازمتیں فراہم کی جائیں۔

کووڈ-19 وبائی بیماری کے بعد کے عرصہ کے دوران معاشی ترقی کے تسلسل کو متوازن بنانے کے لیے ملک کو درپیش مسلسل چیلنجز، یوکرین کی جنگ اور ملک میں تباہ کن سیلاب / زلزلہ کی وجہ سے دیگر مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت کی پالیسی ترجیح لوگوں کو ریلیف فراہم کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے کہ معاشرے کا کم آمدنی والا طبقہ مختلف اقدامات سے مستفید ہو۔ مذکورہ اقدامات میں بینظیر انکم سپورٹ، ضروری اشیائے خوردونوش پر ٹارگٹڈ سبسڈی، نقد امداد، بجلی کی سبسڈی وغیرہ شامل ہیں۔

معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے، روزگار کی فراہمی اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے حکومت نوجوانوں کی استعداد کار بڑھانے اور روزگار کے مواقع مہیا کرنے کے لیے مختلف پروگرام شروع کرے گی۔

امداد اللہ بوسال

سیکرٹری حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

اسلام آباد، 09 جون، 2023

جدول I

یکم جولائی 2023ء کو شروع اور 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے وفاقی مجموعی فنڈ سے پورے کیے جانے والے اخراجات برائے مطالبات زر اور تخصیصات

جدول–I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
1	شعبہ ہوابازی		3,381	3,381
2	ایئرپورٹس سیکورٹی فورس		12,296	12,296
3	کابینہ		293	293
4	شعبہ کابینہ		2,742	2,742
5	ہنگامی امداد اور بحالی		838	838
6	انٹیلی جنس بیورو		12,247	12,247
7	ایٹمی توانائی		16,633	16,633
8	پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی		1,644	1,644
9	نیا پاکستان ہاؤسنگ ڈویلپمنٹ اتھارٹی		1,001	1,001
10	وزیراعظم آفس (انٹرنل)		625	625
11	وزیراعظم آفس (پبلک)		635	635
12	نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی		700	700
13	سرمایہ کاری بورڈ		429	429
14	وزیراعظم معائنہ کمیشن		132	132
15	سپیشل ٹیکنالوجی زون اتھارٹی		1,070	1,070
16	اسٹیبلشمنٹ ڈویژن		8,237	8,237
17	فیڈرل پبلک سروس کمیشن		1,207	1,207
18	نیشنل سکول آف پبلک پالیسی		2,903	2,903
19	سول سروسز اکیڈمی		1,336	1,336

جدول–I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24–2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24–2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
20	شعبہ نیشنل سیکورٹی		182	182
21	مشترکہ مفادات کونسل (سیکرٹریٹ)		130	130
22	شعبہ موسمیاتی تبدیلی وانوائرنمنٹ کوآرڈینیشن		786	786
23	شعبہ تجارت		9,260	9,260
24	شعبہ مواصلات		252	252
25	شعبہ مواصلات کے دیگر اخراجات		30,178	30,178
26	پاکستان پوسٹ آفس ڈیپارٹمنٹ	*10*	20,425	20,435
27	شعبہ دفاع		6,355	6,355
28	وفاقی حکومت کے کینٹ وگریژن میں تعلیمی ادارے		12,516	12,516
29	دفاعی خدمات		1,804,000	1,804,000
30	شعبہ دفاعی پیداوار		998	998
31	شعبہ اقتصادی امور		801	801
32	شعبہ اقتصادی امور کے متفرق اخراجات		16,424	16,424
33	شعبہ بجلی		450,566	450,566
34	شعبہ پٹرولیم		51,504	51,504
35	جیولوجیکل سروے آف پاکستان		1,288	1,288
36	شعبہ وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت		26,974	26,974
37	اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC)		66,300	66,300
38	قومی رحمت اللعالمین وخاتم النبیین اتھارٹی		211	211

جدول-I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
39	قومی پیشہ وارانہ و تکنیکی تربیتی کمیشن (NAVTTC)		1,033	1,033
40	شعبہ قومی ورثہ و ثقافت		2,647	2,647
41	شعبہ خزانہ		4,233	4,233
42	شعبہ خزانہ کے دیگر اخراجات		6,185	6,185
43	کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس		11,879	11,879
44	الاؤنسز کہن سالی و پنشن	*4,017*	796,983	801,000
45	گرانٹس، اعانتیں اور متفرق اخراجات	*26,400*	1,523,513	1,549,913
46	ریونیو ڈویژن		76	76
47	فیڈرل بورڈ آف ریونیو		40,557	40,557
48	شعبہ امورِ خارجہ		3,874	3,874
49	فارن مشنز	*50*	43,055	43,105
50	ہاؤسنگ اینڈ ورکس ڈویژن		7,134	7,134
51	شعبہ انسانی حقوق		2,243	2,243
52	قومی کمیشن برائے انسانی حقوق		173	173
53	شعبہ صنعت و پیداوار		62,182	62,182
54	فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (FATF) سیکرٹریٹ		79	79
55	شعبہ اطلاعات و نشریات		4,768	4,768
56	شعبہ اطلاعات و نشریات کے متفرق اخراجات		10,260	10,260
57	شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی مواصلات		9,953	9,953

جدول–I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
58	شعبہ داخلہ		13,240	13,240
59	شعبہ داخلہ کے دیگر اخراجات		9,303	9,303
60	دارالحکومت اسلام آباد(ICT)		18,016	18,016
61	کمبائنڈ سول آرمڈ فورسز		194,701	194,701
62	قومی اتھارٹی برائے انسداد دہشت گردی		819	819
63	شعبہ بین الصوبائی رابطہ		2,378	2,378
64	شعبہ امور کشمیر و گلگت بلتستان		1,351	1,351
65	شعبہ قانون وانصاف	*369*	7,208	7,577
66	فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی		290	290
67	فیڈرل شریعت کورٹ		827	827
68	اسلامی نظریاتی کونسل		225	225
69	قومی احتساب بیورو		6,159	6,159
70	ضلعی نظام عدل، دارالحکومت اسلام آباد		1,261	1,261
71	شعبہ ساحلی امور		2,056	2,056
72	شعبہ انسداد منشیات		5,123	5,123
73	قومی اسمبلی	*5,000*	3,308	8,308
74	سینیٹ	*3,282*	1,775	5,057
75	شعبہ قومی تحفظِ خوراک و تحقیق		12,579	12,579
76	پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل		8,349	8,349

جدول–I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
77	نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈویژن		23,948	23,948
78	شعبہ اوورسیز پاکستانیز اور ترقی انسانی وسائل		3,086	3,086
79	شعبہ پارلیمانی امور		705	705
80	شعبہ منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اصلاحات		8,077	8,077
81	شعبہ تخفیف غربت و سماجی تحفظ		3,252	3,252
82	بینظیر انکم سپورٹ پروگرام(BISP)		471,683	471,683
83	پاکستان بیت المال		7,675	7,675
84	شعبہ نج کاری		310	310
85	شعبہ ریلویز		55,384	55,384
86	شعبہ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی		1,767	1,767
87	سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈویژن		12,969	12,969
88	شعبہ ریاستیں و سرحدی علاقہ جات		894	894
89	شعبہ آبی وسائل		3,589	3,589
90	وفاقی متفرق سرمایہ کاری اور دیگر قرضے اور ایڈوانسز		163,601	163,601
91	شعبہ ہوابازی کے ترقیاتی اخراجات		5,450	5,450
92	شعبہ کابینہ کے ترقیاتی اخراجات		90,065	90,065
93	سرمایہ کاری بورڈ کے ترقیاتی اخراجات		1,115	1,115
94	سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے ترقیاتی اخراجات		55	55
95	اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		439	439

جدول-I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
96	سپارکو کے ترقیاتی اخراجات		6,900	6,900
97	شعبہ موسمیاتی تبدیلی وانوائرنمنٹ کوآرڈینیشن کے ترقیاتی اخراجات		4,050	4,050
98	شعبہ تجارت کے ترقیاتی اخراجات		1,100	1,100
99	شعبہ مواصلات کے ترقیاتی اخراجات		12,021	12,021
100	شعبہ دفاع کے ترقیاتی اخراجات		3,400	3,400
101	شعبہ دفاعی پیداوار کے ترقیاتی اخراجات		2,000	2,000
102	شعبہ بجلی کے ترقیاتی اخراجات		4,561	4,561
103	شعبہ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے ترقیاتی اخراجات		5,428	5,428
104	اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کے ترقیاتی اخراجات		59,700	59,700
105	قومی پیشہ ورانہ، تکنیکی تربیتی کمیشن (NAVTTC) کے ترقیاتی اخراجات		3,072	3,072
106	شعبہ قومی ورثہ وثقافت کے ترقیاتی اخراجات		540	540
107	شعبہ خزانہ کے ترقیاتی اخراجات		3,220	3,220
108	دیگر ترقیاتی اخراجات		164,750	164,750
109	ریونیو ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		3,200	3,200
110	شعبہ انسانی حقوق کے ترقیاتی اخراجات		814	814
111	شعبہ اطلاعات ونشریات کے ترقیاتی اخراجات		981	981
112	شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی مواصلات کے ترقیاتی اخراجات		6,000	6,000
113	شعبہ داخلہ کے ترقیاتی اخراجات		10,000	10,000
114	شعبہ بین الصوبائی رابطہ کے ترقیاتی اخراجات		1,900	1,900

جدول-I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2023-24

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 2023-24 غیر تصویبی	تصویبی	کل
115	شعبہ قانون وانصاف کے ترقیاتی اخراجات		1,400	1,400
116	شعبہ انسداد ومنشیات کے ترقیاتی اخراجات		150	150
117	شعبہ قومی تحفظ خوراک و تحقیق کے ترقیاتی اخراجات		8,850	8,850
118	نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		13,100	13,100
119	شعبہ منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اصلاحات کے ترقیاتی اخراجات		110,047	110,047
120	شعبہ تخفیف غربت وسماجی تحفظ کے ترقیاتی اخراجات		500	500
121	سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		8,000	8,000
122	شعبہ ریاستیں اور سرحدی علاقہ جات کے ترقیاتی اخراجات		964	964
123	شعبہ آبی وسائل کے ترقیاتی اخراجات		107,500	107,500
124	ایٹمی توانائی کی ترقی پر مصارف سرمایہ		26,100	26,100
125	پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کی ترقی پر مصارف سرمایہ		150	150
126	شعبہ پٹرولیم پر مصارف سرمایہ		1,500	1,500
127	وفاقی سرمایہ کاری پر مصارف سرمایہ		255	255
128	وفاقی حکومت کی جانب سے ترقیاتی قرضے اور ایڈوانسز		169,524	169,524
129	وفاقی حکومت کی جانب سے بیرونی ترقیاتی قرضے اور ایڈوانسز	*658,644*	41,879	700,523
130	سول ورکس پر مصارف سرمایہ		41,681	41,681
131	صنعتی ترقی پر مصارف سرمایہ		3,000	3,000
132	شعبہ ساحلی امور پر مصارف سرمایہ		3,300	3,300
133	شعبہ ریلویز پر مصارف سرمایہ		33,000	33,000

جدول-I
مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 24-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں / شعبے	میزانیاتی تخمینے 24-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
—	صدر کا عملہ خانہ داری اور الاؤنسز (پبلک)	*597*		597
—	صدر کا عملہ خانہ داری اور الاؤنسز (پرسنل)	*812*		812
—	غیر ملکی قرضہ جات کے مصارف	*7,561*		7,561
—	غیر ملکی قرضہ جات کی ادائیگی	*6,430,305*		6,430,305
—	قلیل المیعاد بیرونی قرضوں کی ادائیگی	*8,898,040*		28,898,040
—	آڈٹ	*872,219*		872,219
—	ملکی قرضہ جات کے مصارف	*6,430,305*		6,430,305
—	ملکی قرضہ جات کی ادائیگی	*46,690*		46,690
—	سپریم کورٹ	*3,555*		3,555
—	اسلام آباد ہائی کورٹ	*1,543*		1,543
—	الیکشن	*7,786*		7,786
—	کام کرنے کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کئے جانے کے خلاف تحفظ کے لیے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ	*115*		115
—	وفاقی محتسب	*1,250*		1,250
—	وفاقی ٹیکس محتسب	*391*		391
	کل:	***41,366,703***	**7,092,734**	**48,459,437**

مقاصدی زمرہ بندی کے لحاظ سے اخراجات

(روپے ملین میں)

موضوعی رمز بندی	تفصیل	میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023	نظر ثانی شدہ تخمینہ جات 2022-2023	میزانیہ تخمینہ جات 2023-2024
A01	**ملازمین سے متعلقہ کل اخراجات**	**954,060**	**960,284**	**1,168,366**
A011	**تنخواہ**	**147,526**	**176,611**	**215,488**
A011-1	افسروں کی تنخواہ	50,721	57,895	71,148
A011-2	دیگر عملہ کی تنخواہ	96,805	118,716	144,340
A012	**الاؤنسز**	**806,534**	**783,673**	**952,878**
A012-1	ریگولر الاؤنسز	783,697	758,531	916,420
A012-2	دیگر الاؤنسز (علاوہ TA)	22,838	25,141	36,458
A02	**پراجیکٹ قبل از سرمایہ کاری تجزیہ**	**3,935**	**1,746**	**3,713**
A03	**عملی اخراجات**	**971,094**	**1,040,017**	**1,209,396**
A04	**ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے مفادات**	**617,278**	**617,504**	**806,075**
A05	**گرانٹس، اعانتیں اور معاف کردہ قرضے**	**2,056,072**	**2,006,315**	**2,764,835**
A06	**منتقلیاں**	**11,910**	**30,218**	**13,279**
A07	**سود کی ادائیگی**	**3,950,072**	**5,526,704**	**7,302,534**
A08	**قرضے اور ایڈوانسز**	**511,583**	**586,293**	**923,916**
A09	**مادی اثاثے**	**451,423**	**444,329**	**497,421**
A10	**قرضوں کے اصل زر کی واپسی**	**23,589,550**	**28,418,538**	**33,342,817**
A11	**سرمایہ کاری**	**81,498**	**217,623**	**141,434**
A12	**تعمیرات عامہ**	**213,360**	**235,494**	**272,792**
A13	**مرمت و بحالی**	**10,656**	**8,555**	**12,860**
	کل اخراجات	**33,422,491**	**40,093,620**	**48,459,437**

اتفاقی ذمہ داریوں کا بیان

1- پاکستان کی اتفاقی ذمہ داریاں بنیادی طور پر سرکاری شعبے کی انٹر پرائزز (PSEs) کے حوالے سے جاری کردہ ضمانتیں ہوتی ہیں۔ موثر ضمانت عام طور پر حکومتی اداروں کی طرف سے کئے جانے والے ایسے منصوبوں اور سرگرمیوں کی مالی صلاحیت کو بہتر بنانے کیلئے دی جاتی ہیں جن کے معاشرے اور معیشت پر مفید اثرات واقع ہوں۔ یہ سرکاری شعبہ کی کمپنیوں کو کم لاگت یا زیادہ سازگار شرائط پر قرضہ لینے اور چند صورتوں میں تقاضا جات کو پورا کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں جہاں موثر ضمانت دو طرفہ / کثیر طرفہ ایجنسیوں کی طرف سے ذیلی خود مختار قرضہ حاصل کنندگان کو رعایتی قرضوں کے حصول کیلئے ایک پیشگی شرط ہوتی ہیں۔

2- کسی مالی سال کے دوران جاری شدہ نئی حکومتی ضمانتوں کا حجم مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے ایکٹ کے تحت محدود ہوتا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ حکومت کسی مالی سال میں جی ڈی پی کے دو فیصد سے متجاوز رقم کے برابر ضمانتیں نہیں دے گی بشمول ان ضمانتوں کے جو روپیہ ادھارے دینے، منافع کی شرح، خریداری کے فوری معاہدات اور دیگر دعویٰ جات اور ذمہ داریوں کے لیے ہوں مگر شرط یہ ہے کہ نافذ العمل گارنٹیوں کی تجدید کو کسی نئی گارنٹی کا اجراء سمجھا جائے گا۔

3- جولائی تا مارچ مالی سال 2023 کے دوران حکومت پاکستان کی نئی / رول اوور ضمانتوں کے اجرا کیلئے ایف آر ڈی ایل ایکٹ کی حد کے اندر رہی جو جی ڈی پی کا 0.2 فیصد ہے۔ تعمیل کردہ کل ضمانتیں 3,860 ارب روپے تھیں جبکہ مارچ 2023 کے اختتام پر واجب الادائیگی سٹاک درج ذیل تفصیلات کے مطابق 3,460 ارب روپے تھا:

ٹیبل-1: واجب الادا حکومتی ضمانتوں کا اختصار (تمام اعداد و شمار ارب روپے میں ہیں تاوقتیکہ دوسری صورت میں بیان نہ کر دیا جائے)		
	بقایا ضمانتیں	**کل ضمانتیں**
ملکی	1,579	1,771
بیرونی	1,881	2,089
کل	**3,460**	**3,860**
میمو:		

بیرونی (ملین امریکی ڈالر)	**6,629**	**7,360**
شرح مبادلہ (پاکستانی روپے/امریکی ڈالر)	284	284

4- مذکورہ بالا ضمانتوں کا شعبہ وار، بلحاظ مد اور انٹرسٹ کے لحاظ سے مارچ 2023 کے اختتام پر ضمانتوں کا حصہ درج ذیل ہے:

ٹیبل-2: حکومت پاکستان کی واجب الادا ئیگی ضمانتوں کی صورتحال		
	(روپے ارب میں)	**فیصد**
سیکٹر وار بریک اپ		
کل بقایا سٹاک	**3,460**	**100%**
بجلی کا شعبہ	2,541	73%
ہوابازی	244	7%
مینوفیکچرنگ اور کان کنی	66	2%
مالیاتی	46	1%
تیل اور گیس	35	1%
دیگر	528	15%

بلحاظ ادارہ مد تفصیل

کل واجب ادائیگی سٹاک	**3,460**	**100%**
پی ایچ ایل	765	22%
پی اے ای سی	1,458	42%
پی آئی اے سی ایل	244	7%
سندھ اینگرو	89	3%
این ٹی ڈی سی	58	2%
دیگر	845	24%

شرح سود کی قسم

کل واجب ادائیگی سٹاک	3,460	100%
سیال شرح	1,641	47%
مقررہ شرح	1,818	52%

نوٹ: ضمانت شدہ قرض سٹاک کے بڑے حصے کی اصل مدت ادائیگی 5 سال اور زائد تھی۔

5- اجناس کے عوض جاری کی جانے والی گارنٹیاں جی ڈی پی کے دو فیصد کی مقرر کردہ حد میں شامل نہیں ہوتیں کیونکہ قرضے پیچھے پڑی ہوئی چیز کے اوپر حاصل کئے جاتے ہیں اور لازمی طور پر از خود قابل تصفیہ ہوتی ہیں۔ لہٰذا یہ ضمانتیں ٹی سی پی، پاسکو اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے اٹھائے گئے اشیائی مالیات کاری کے آپریشنز کے عوض جاری کی گئی ہیں۔ مارچ 2023ء کے آخر میں کماڈٹی آپریشنز کا واجب الادا اسٹاک 1,112 ارب روپے تھا۔

6۔ اپریل 2023ء تا جون 2024ء تک جاری ہونے والی ضمانتوں کے تخمینہ جات درج ذیل ہیں:

ٹیبل۔ 3 تخمینہ شدہ ضمانتوں کا اجراء اور صورتحال (Q4 مالی سال 2023 اور مالی سال 2024)

(روپے ارب میں)

A	**ابتدائی ضمانت شدہ سٹاک کی صورتحال (31-3-2023)**	**3,860**
B	**نئی ضمانتیں جو جاری کی جائیں گی (Q4 مالی سال 23 اور مالی سال 24)**	**598**
	GOB/GHPL	208
	پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP)	110
	نیشنل ٹرانسمیشن وڈسپیچ کمپنی (NTDC)	100
	ایگزیم بینک	10
	متفرق اتفاقی	25
	دیگر	145

310	موجودہ ضمانت شدہ قرضوں پر تخمینہ شدہ بازادائیگیاں	C
288	ضمانتوں کا خالص اجراء(سہ ماہی نمبر4مالی سال23اور مالی سال24)	D=B-C
4,148	تخمینہ شدہ اختتامی ضمانت شدہ قرضہ کی تفصیل(30جون2024)	A+D

نوٹ:

(i) مذکورہ بالا معلومات میں PSEs کو موجودہ مختص کردہ حدود پر رول اوور / مکرر مالیات کاری شامل نہیں۔

(ii) بیرونی ضمانتیں290فی امریکی ڈالر کی شرح مبادلہ کے حساب سے جیسا کہ بجٹ مالی سال2024کیلئے قابل عمل ہیں، پاکستانی روپے میں بدل دی گئی ہیں۔

(iii) جاری مالی سال کے دوران تخمینہ جات مختلفPSEsاور اجراء کرنے والے شعبوں کی طرف سے درخواستوں کی بنیاد پر مرتب کئے جاتے ہیں۔

(iv) ایل او سی کی ضمانتیں پہلے ہی مارچ 2023 سے قبل جاری کر دی گئی ہیں اور اختتام مارچ 2023 تک ابتدائی ضمانت شدہ کی تفصیل میں شامل کر دی گئی ہیں۔

مالیاتی خطرات کا بیان

مالیاتی رسک کا بیان مالی سال 24-2023 پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019 کی دفعہ 4، ذیلی دفعہ 3 (b) کی تعمیل میں تیار کیا گیا ہے، جس میں قرار دیا گیا ہے کہ سالانہ میزانیے کے گوشوارہ میں مالی خطرات کا بیان بھی شامل کیا جائے گا۔

مالیاتی خطرات وہ خطرات ہیں جو وسط مدت میزانیاتی گوشوارہ میں پیش کی گئی مالی پیشن گوئیوں میں انحراف کا باعث بن سکتے ہیں، جیسا کہ مالیاتی ذمہ داری اور قرض تحدید (FRDL) ایکٹ 2005 کی دفعہ 5 میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ بیان 'معقولیت' کے اصول کا اطلاق کرتا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ صرف وہی مالی خطرات شامل ہیں جن کے وسط مدت میں پورا ہونے کا کافی امکان ہے۔

مالیاتی خطرات کے اہم عوامل کا اختصار درج ذیل ہے:

1۔ کلی معاشی خطرات

عالمی معیشت اہم چیلنجوں کے ساتھ 2023 میں داخل ہو چکی ہے، یعنی سپلائی چین کے مسلسل مسائل، افراط زر کا دباؤ، روس اور یوکرین کی طویل جنگ، اور تباہ کن آفات (زلزلے اور موسمیاتی مسائل)۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے تخمینوں کے مطابق عالمی معاشی نمو جو 2022 میں تقریباً 3.4 فیصد رہی، گر کر 2023 میں 2.8 فیصد رہنے کا امکان ہے، پھر اگلے سال اضافہ ہو کر یہ 3.0 فیصد ہو جائے گی۔ اس طرح، 2023 کی پیشن گوئی تاریخی (2000–2019) اوسط 3.8 فیصد سے کم ہے۔ افراط زر سے نمٹنے کے لیے مرکزی بینک کے شرح میں اضافہ ہوا، اور روس-یوکرین جنگ عالمی اقتصادی سرگرمیوں پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ کرونا کی وبا کے بعد چین کی معاشی سرگرمیاں دوبارہ کھلنے سے معاشی بحالی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ عالمی افراط زر 2023 میں تقریباً 7.0 فیصد اور 2024 میں 4.9 فیصد رہنے کا امکان ہے، جو اب بھی کوویڈ کے وبائی امراض سے پہلے (2017-2019) کی سطح تقریباً 3.5 فیصد سے اوپر ہے۔ بڑی معیشتوں کی اس صورتحال نے پاکستان سمیت کئی ترقی پذیر معیشتوں کو متاثر کیا ہے۔

2۔ سرکاری قرضہ اور ضمانتیں

کل سرکاری قرضہ (TPD) حکومت کے مقروض ہونے کا ایک پیمانہ ہے۔FRDL یعنی مالیاتی ذمہ داری اور قرض تحدید ایکٹ، 2005 کے تحت، "کل سرکاری قرضے" سے مراد حکومت (بشمول وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں) کا قرض ہے جسے اجتماعی فنڈ اور IMF کے واجب الادا قرض سے ادا کیا جاتا ہے۔

گزشتہ پانچ سالوں میں، حکومت کا کل سرکاری قرضہ FRDL ایکٹ کے تحت جی ڈی پی کے 60 فیصد کی مقررہ حد سے تجاوز کر گیا ہے۔ یہ بنیادی طور پر مسلسل بجٹ خسارے کی وجہ سے ہے، جو کہ 2010 کے بعد سے جی ڈی پی کے اوسطاً 6 فیصد سے بڑھا ہے، جس کی وجہ سے قرضوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ کل سرکاری قرضہ بجٹ اور غیر بجٹ دونوں عوامل، جیسے مارک اپ اور شرح مبادلہ میں غیر موافق اضافے اور اتفاقی ذمہ داریوں کے واقع ہونے کی وجہ سے کی وجہ سے بڑھ سکتا ہے۔

3۔ سرکاری انٹرپرائزز کے خطرات

پاکستان کے سرکاری ادارے (SOEs) ضروری سامان اور خدمات کی ایک وسیع رینج فراہم کرتے ہیں، اور اس طرح پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ حکومت پاکستان اور اس کے SOEs کے درمیان متعدد مالیاتی فنڈز کی آمد و رفت کے پیش نظر، ان کی جاری مالی اور آپریشنل کارکردگی مالیاتی خطرے کا بڑا ذریعہ ہے۔

4۔ موسمیات اور قدرتی آفات پر مبنی خطرات

پاکستان کے 2021 قومی سطح پر طے شدہ اہداف (این ڈی سی) کے تحت 2015 اور 2030 کے درمیان گیسوں کے معمول کے اخراج میں مجموعی طور پر 50 فیصد کمی کا مشروط ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس میں ملک کے اپنے وسائل کا استعمال کرتے ہوئے 15 فیصد کمی، اور بین الاقوامی مالی امداد سے مشروط اضافی 35 فیصد کمی کرنے کا تہیہ کیا گیا ہے۔ مزید برآں، توانائی کے لیے مقداری اہداف مقرر کیے گئے ہیں (2030 تک، تمام توانائی کا 60 فیصد پن بجلی سمیت توانائی کے قابل تجدید وسائل سے حاصل ہوگا) اور

ٹرانسپورٹ کی مد میں (2030 تک، فروخت ہونے والی تمام نئی گاڑیوں کا 30 فیصد الیکٹرک گاڑیاں ہوں گی)۔ حکومت نے کوئلے کے نئے پلانٹس پر بھی پابندی لگا دی ہے اور درآمد شدہ کوئلے سے بجلی پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسی طرح، پاکستان نے بھی 2022 میں نیشنل اڈاپٹیشن پلان کا اعلان کیا ہے، جو اس سال کے آخر میں جاری ہونے کی توقع ہے، جس کے تحت وسط اور طویل مدتی موسمیاتی تبدیلی کے خدشات کو قومی پالیسیوں، حکمت عملیوں اور پروگراموں میں مرکزی دھارے میں شامل کرکے ان کے حل پر توجہ دی جائے گی۔

5۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ رسکس

پاکستان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPPs) کو ادارہ جاتی شکل دینے کے لیے حکومت نے PPPA ایکٹ 2017 (ترمیم شدہ 2022) کے ذریعے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی (P3A) قائم کی۔ یہ اتھارٹی منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کی وزارت کی نگرانی میں کام کرتی ہے اور اس کے فرائض میں پی پی پی ٹرانزیکشنز کو منظبط کرنا، پرائیویٹ سیکٹر کی سرمایہ کاری کے ذریعے انفراسٹرکچر کے منصوبوں کو ڈویلپ کرنے اور ان کی خریداری میں وفاقی عمل درآمد کرنے والی ایجنسیوں کی معاونت کرنا، اور پی پی پی ٹرانزیکشنز کی منظوری دینا شامل ہے جن کے تحت سرکاری شعبے کو فنڈز کے مسائل حل کیے جاتے ہیں۔

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی اس بات کو یقینی بنانے کی ذمہ دار ہے کہ "کوالیفائیڈ پروجیکٹس" قومی اور شعبہ جاتی حکمت عملیوں کے ساتھ ہم آہنگ ہوں، اس مقصد کے لیے منظور شدہ پروجیکٹس کے لیے مالیاتی تجزیہ، پروجیکٹ کے خطرات کا اندازہ، فنڈنگ کی ضروریات کا جائزہ، پراجیکٹ کے تمام مراحل میں نفاذ کرنے والی ایجنسیوں کو مشورہ اور ان کی مدد کرنا، معاہدے کی دفعات کو معیاری بنانا، شعبے کے لیے مخصوص دفعات اور ٹیمپلیٹس تیار کرنا، مالیاتی ماڈلز کا تجزیہ اور اندازہ لگانا، اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون کرنا اس ادارے کی سرگرمیوں کا حصہ ہے۔

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ورکنگ پارٹی (P3WP) کی ذمہ داریوں میں پراجیکٹ کانسپٹ پروپوزلز اور پراجیکٹ کی اہلیت کی تجاویز کو منظور کرنا شامل ہے جو عملدرآمد کرنے والی ایجنسیوں کی طرف سے P3A کو پیش کی جاتی ہیں۔ قانون ہذا میں کوالیفائڈ

منصوبوں کے لیے ضروری منظوریوں کا بھی خاکہ پیش کیا گیا ہے، جو پی پی کے معاہدے پر عمل درآمد کرنے والی ایجنسی اور رعایت دہندہ کی طرف سے عمل درآمد سے پہلے حاصل کرنا ضروری ہیں۔ ان منظوریوں میں پروجیکٹ کو ایلیفکیشن کی تجویز کے لیے P3WP کی طرف سے منظوریاں، مالیاتی تجزیہ کے لیے RMU، پروجیکٹ کی تجویز کے لیے اتھارٹی کے بورڈ سے، اور مخصوص معیارات پر پورا اترنے والے منصوبوں کے لیے قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے علاوہ کوئی دیگر مقرر کردہ منظوریاں شامل ہیں۔

تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات کا بیان

پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019ء میں قرار دیا گیا ہے کہ وفاقی حکومت، ہر مالی سال کی نسبت مالیاتی بل آئین کے آرٹیکل 73 کے تحت قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی ذمہ دار ہو گی۔ اس میں وفاقی حکومت کا تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات کا گوشوارہ شامل ہے۔

2- ٹیکس اخراجات گوشوارہ مالی سال 24-2023ء کے ٹیکس اخراجات کی تفصیل فراہم کرتا ہے جس میں سیلز ٹیکس کے 1,294.04 ارب روپے، انکم ٹیکس کے 423.89 ارب روپے کے ٹیکس اخراجات، اور کسٹم ڈیوٹی کے 521.70 ارب روپے کے ٹیکس اخراجات شامل ہیں۔ جو کل تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات 2,239.63 ارب روپے بنتے ہیں ان کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جا رہا ہے۔

(عاصم احمد)

چیئرمین ایف بی آر

تاریخ: 09-06-2023

وسط مدت میزانیاتی گوشوارہ

2023-24 تا 2025-26

مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے ایکٹ، 2005 کی دفعہ 5 کے تحت تقاضا ہے کہ وفاقی حکومت سالانہ میزانیہ کے گوشوارہ میں مالی اور قرض کے ٹھوس انتظام سے متعلق اصولوں سے ہم آہنگ وسط مدت میزانیاتی گوشوارہ شامل کر کے ہر سال قومی اسمبلی کے سامنے پیش کرے۔

2۔ مالی سال 2022-23 میں ملک کے اندر اور باہر اہم واقعات پیش آئے جن سے معاشی صورت حال متاثر ہوئی۔ سال 2022 کے سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی، جس سے انفراسٹرکچر، زراعت اور لوگوں کے روزگار کو نقصان پہنچا۔ عالمی مسطح پر یوکرین میں جنگ نے سپلائی چین میں خلل ڈالا اور ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جو کہ وبائی امراض کے بعد بحالی کے مرحلے میں پہلے ہی زیادہ ہیں۔ نتیجے میں افراط زر کے دباؤ اور پالیسی ریٹ کی بلند شرح کے ماحول نے حکومت کے قرضے لینے کی لاگت کو اس سطح تک پہنچا دیا جسے برداشت کرنا مشکل تھا۔ بڑے قرض دہندگان کے ساتھ اعتماد کے فقدان نے معاشی مشکلات میں اضافہ کیا کیونکہ بیرونی رقوم کا حصول تخمینے سے کم رہا۔

3- حکومت کے لیے بڑا چیلنج معاشرے کے غریب اور کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنا تھا۔ اس طرح کے معاشی پس منظر میں یہ ایک مشکل کام تھا۔ تاہم، حکومت نے اپنے سیاسی سرمائے کی قربانی دے کر اس چیلنج کا مقابلہ کیا۔ زراعت، آئی ٹی اور صنعتی شعبوں پر نئے سرے سے توجہ مرکوز کرتے ہوئے مختصر سے درمیانی مدت کے دوران پاکستان کی معاشی بنیاد کی تشکیل نو کرنا مسابقت کو بہتر بنانے اور ملازمتیں پیدا کرنے کیلئے اہم ہے۔ آزمائش کی اس گھڑی میں سماجی تحفظ کے اقدامات کو مستحکم کرنا بنیادی مقصد ہے۔

4- بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے وسط مدت کے دوران محصولات میں اضافہ کرنا بہت ضروری ہے۔ اس لیے حکومت ٹیکس کی وصولی کو اس بات کو یقینی بناتے ہوئے بہتر بنانے کے لیے اپنی کوششیں تیز کر رہی ہے کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت

اور کاروبار دوست پالیسیاں ٹیکس پالیسی اور انتظامی اقدامات کی بنیاد رہیں۔ ایف بی آر کی سطح پر آئی ٹی پر مبنی سلوشنز کے بڑھتے ہوئے استعمال سے نہ صرف ٹیکس دہندگان کو سہولت ملے گی بلکہ ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ بہتر تعمیل کی سطح کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکس کے نظام کی خرابی کو ریشنالائز کیا جارہا ہے، قوانین اور ضوابط کو آسان بنایا جارہا ہے تاکہ ان پر تعمیل بہتر طور پر یقینی بنے۔ اسی طرح، نان ٹیکس محاصل کی اہمیت کا احساس کرتے ہوئے حکومت inflows کو بڑھانے کے لیے تمام طریقے آزما رہی ہے اور محاصل کی وصولی کرنے والے اداروں کو روشناس کیا جارہا ہے کہ وہ اپنی کاوشوں میں بہتری لائیں۔

5-اخراجات کے سلسلے میں حکومت کفایت شعاری کے اقدامات کے ساتھ ساتھ غیر ضروری اخراجات میں کمی لائی ہے۔ وسط مدت کے دوران بہتر مالیاتی انتظام اور نظم وضبط اس بات کو یقینی بنائے گا کہ حکومت عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے اور دیگر ضروری اخراجات کو پورا کرنے کے درمیان توازن قائم کرنے کے قابل ہو سکے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ٹارگٹڈ پروگراموں کے ذریعے کمزور طبقے کے تحفظ کے لیے خاطر خواہ رقوم مختص کی جارہی ہیں۔ اسی طرح یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی والی اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیے خاطر خواہ رقم مختص کی جارہی ہے۔ حکومت کے ترقیاتی پورٹ فولیو کو بھی محفوظ اور ریشنالائز بنایا جارہا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سرکاری فنڈز کا استعمال معاشی سرگرمی پیدا کرنے، پیداواری صلاحیت کو بڑھانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے کیا جائے۔

گرین بجٹ کا بیان

پاکستان دنیا کے ان ممالک میں سے ایک ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے دوچار ہیں۔ گلوبل کلائمیٹ رسک انڈیکس 2021 کے مطابق پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات کے سلسلے میں سب سے زیادہ حساس ممالک میں آٹھویں نمبر پر ہے۔ اس چیلنج کے پیش نظر، موسمیاتی تبدیلیوں میں تخفیف لانے اور موافقت کے لیے موثر اقدامات کا نفاذ پائیدار ترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔ فنانس ڈویژن کی جانب سے گرین بجٹ ٹیگنگ کا اقدام بجٹ کے اختصاص کی جانب ایک قدم ہے جو کہ 'موسمیاتی حساسیت' کو مد نظر رکھتے ہوئے اٹھایا گیا ہے۔ جس کے تحت پالیسی سازوں کو موسمیاتی تبدیلیوں میں تخفیف کے لیے اخراجات کی بہتر دستیابی کا موقع ملے گا۔ بین الاقوامی بہترین طرز عمل میں ان حکمت عملیوں کو پبلک فنانس مینجمنٹ سائیکل کے ذریعے لاگو کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے، جس کا ایک اہم جز بجٹ کال سرکلر کے پہلے مرحلے سے شروع ہونے والی بجٹ کی تشکیل ہے۔ یہ طریقہ کار موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی لانے سے متعلق اخراجات کی ٹریکنگ اور نگرانی کے لیے ضروری ہے۔ مالی سال 24-2023 میں ایک دوہرا نقطہ نظر اپنایا جا رہا ہے، جس کے تحت ہر طلب کے سلسلے میں موسمیاتی حساس کاسٹ سنٹرز کی نشاندہی کی جائے گی اور SAP سسٹم میں ٹیگ کیا جائے گا جبکہ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق وسط مدت کے اہداف، مقاصد اور KPIs کی نشاندہی ترقیاتی بجٹ کے لیے کارکردگی پر مبنی بجٹنگ (گرین بک) کے ذریعے کی جا رہی ہے۔ امید ہے کہ یہ عمل موسمیاتی تبدیلی کے خطرات کو کم کرنے اور عملی اقدامات اٹھانے کے سلسلے میں حکومت کی حکمت عملی کی تقویت کا باعث ہو گا۔

صنفی بجٹ کا بیان

مالی سال 24-2023 میں، فنانس ڈویژن کا ایک بڑا اقدام صنفی رسپانسیو بجٹنگ ہے۔ یہ عمل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے عین مطابق ہے جس میں تمام شہریوں کو بغیر کسی صنفی امتیاز کے مساوی حقوق اور مساوی سلوک کی فراہمی کی ضمانت دی گئی ہے۔ اس کا مقصد موجودہ اور ترقیاتی بجٹ دونوں میں صنفی لحاظ سے اخراجات کو الگ کرنا ہے، اس طرح پالیسی سازوں کو صنفی پہلوؤں کو مد نظر رکھ کر وضع کردہ پالیسیوں اور حکمت عملیوں پر بہتر طریقے سے عمل درآمد کرنے کا موقع ملے گا۔ اس سے مالیاتی پالیسیوں اور ان کے نفاذ میں صنف سے متعلق مقاصد کو شامل کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ پہلے قدم کے طور پر موجودہ بجٹ میں 'صنف حساس' اخراجات کی مدوں کی نشاندہی کی جارہی ہے اور SAP سسٹم میں ان کو ٹیگ کیا جارہا ہے۔ ترقیاتی بجٹ میں صنف سے متعلق اہداف، مقاصد اور KPIs کی نشاندہی کارکردگی پر مبنی بجٹ سازی (گرین بک) کے ذریعے کی جارہی ہے۔ مذکورہ ٹیگنگ صنفی حساس اخراجات کو ٹریک کرنے، ان کی نگرانی اور رپورٹ کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوگی۔ مستقبل کے لیے، حکومت کی طرف سے صنفی شعبے کے لیے کئی سالوں پر محیط مقرر کردہ اہداف اور SDG-5 کے سلسلے میں سالانہ ترقیاتی منصوبوں میں طے کیے گئے اہداف اور محنت، نوجوان، صحت، تعلیم اور غربت کے خاتمے جیسے دیگر موضوعات پر مبنی مقاصد کی تکمیل اس ٹول کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

ملازمین سے متعلق ڈیٹا اور ادارہ جاتی انتظامی ماڈیول کا نفاذ

سرکاری انتظامیہ کے دائرہ کار میں ہیومن ریسورس کا ڈیٹا حکومت کی افرادی قوت کی ساخت اور انسانی وسائل کے سرمائے کو بھرتی کرنے اور اس ہیومن ریسورس سرمائے کے انتظام وانصرام کے سلسلے میں حکومت کی صلاحیت کے بارے میں قیمتی بصیرت فراہم کرتا ہے۔ مالی نقطہ نظر سے ہیومن ریسورس انفارمیشن فیصلہ سازی کے ایک اہم ٹول کا کام دیتی ہے تاکہ حکومت کو اپنے ملازمین سے متعلق ڈیٹا میں وسائل کی تخصیص کو زیادہ موثر اور معاشی طور پر معقول بنانے میں مدد ملے۔

بجٹ کال سرکلر (24-2023) میں وفاقی حکومت کے ملازمین کے اعداد وشمار کو مرتب کرنے کی سنجیدہ کوشش کی گئی ہے جس میں خالی آسامیوں کی صورتحال اور فالتو اسامیوں کو الگ سے مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ وفاقی حکومت کے ملازمین کی تعداد پر بہتر نظر رکھی جاسکے اور اس عمل میں ایسی آسامیوں کی شناخت پر خصوصی توجہ مرکوز کرنا شامل ہے جو تین (03) سال سے زائد عرصے سے خالی ہوں۔ اس سعی کا مقصد فالتو پوسٹوں کے تسلسل میں لاحق شامل مالی ذمہ داری کا جائزہ لینا اور رواں اخراجات میں فنڈز اور وسائل کی تخصیص کے ضمن میں حکومتوں کے اخراجات کے حجم میں کمی لانا ہے۔ آرگنائزیشنل مینجمنٹ (او ایم) ماڈیول میں ملازمین سے متعلق ڈیٹا کی تبدیلی کے علاوہ سسٹم میں ڈیٹا کی مینوئل ان پٹ کو روکنے کے لیے سختی سے کام کیا گیا ہے، بہتر انتظام کے لیے ایمپلائی ریکارڈ مینجمنٹ ڈیٹا بیس کی تخلیق کے ذریعے غلطیوں کے خطرے کو ختم کیا جا رہا ہے اور اس عمل سے سیلری پلانز اور تنخواہ کے سالانہ اضافہ کے پراسیس کو منظم شکل دی جارہی ہے۔ اس طرح OM ماڈیول ملازمین کی ذاتی معلومات کو برقرار رکھنے میں سب سے اہم فیچر ہے، جس کے ذریعے سیلری سلپس بنانے کے لیے پے رول انٹریز کو زیادہ موثر طریقے سے پروسیس کیا جاسکے گا تاکہ ملازمین کے پے رول سے ٹیکس کٹوتی کرنے کے ساتھ ساتھ خودکار ورک فلوز کے ذریعے حکومت کے افعال اور امور کو تقویت دی جاسکے۔

حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

بیان ذمہ داری

قرار دیا جاتا ہے کہ ایسے تمام پالیسی پر مبنی فیصلے جن کے معاشی یا مالیاتی اثرات ہیں اور جو وفاقی حکومت نے 9 جون 2023ء سے قبل کئے ہیں یعنی اس دن جب وسط مدتی میزانیاتی گوشوارے کے مندرجات کو حتمی صورت دی گئی اور تمام دیگر حالات جن کے معاشی یا مالیاتی اثرات کے بارے میں مذکورہ دن سے قبل میں آگاہ تھا۔ مالیاتی ذمہ داری اور قرض تحدید ایکٹ، 2005 کی دفعہ 10(1)(الف) کی رو سے سیکرٹری فنانس کو ان کے بارے میں مطلع کر دیا گیا ہے۔

اس گوشوارہ میں میرے علم کے مطابق درج ذیل کا انتظام کیا گیا ہے۔

(الف) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ میں موجود معلومات کی سالمیت

(ب) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ میں موجود معلومات کی ایکٹ ہذا کے تقاضہ جات سے مطابقت اور

(ج) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ میں ایکٹ ہذا کی دفعہ 8 کی ذیلی دفعہ (3) میں مذکور کسی فیصلے یا حالات کی فروگزاشت۔

(سینیٹر محمد اسحاق ڈار)

وزیر برائے خزانہ و مالیات

حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

بیان ذمہ داری

قرار دیا جاتا ہے کہ فنانس ڈویژن نے وزیر برائے خزانہ و مالیات کو 9 جون 2023ء سے قبل دستیاب معاشی اور فسکل (مالیاتی) معلومات کی بنیاد پر اپنی بہترین پیشہ ورانہ قوت فیصلہ کا استعمال کرتے ہوئے اس دن جب وسط مدتی میزانیاتی گوشوارہ کے مندرجات کو مذکورہ فیصلوں اور حالات کے مالی اور معاشی اثرات کو سامنے رکھتے ہوئے حتمی صورت دی، مگر کوئی فیصلے یا حالات جن کا مشیر وزیر خزانہ و مالیات نے مالیاتی ذمہ داری اور قرض تحدید ایکٹ 2005ء کی دفعہ 8 کی ذیلی شق (3) کے تحت تعین کیا ہے ان کی تفصیل وسط مدتی میزانیاتی گوشوارے میں شامل نہیں کی گئی۔

امداد اللہ بوسال

سیکرٹری حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

اسلام آباد 9 جون 2023ء